وہ مسلمانوں کے لیے ماں کی طرح حرام ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بعد بھی ان میں سے کسی کے ساتھ کسی مسلمان کا نکاح نہیں ہو سکتا۔

**تہمتیں اور الزامات لگانے پر تنبیہ:**

آیت 56 تا 57 میں ان چہ میگوئیوں پر سخت تنبیہ کی گئی ہے جو نبی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے نکاح اور آپ کی خانگی زندگی پر کی جارہی تھیں اور اہل ایمان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ دشمنوں کی اس عیب چینی سے اپنے دامن بچائیں۔ نیز یہ تلقین بھی کی گئی ہے کہ نبی تو درکنار، اہل ایمان کو تو عام مسلمانوں پر بھی تہمتیں لگانے اور الزامات عائد کرنے سے کلی اجتناب کرنا چاہیے۔

**درود و سلام کا حکم:**

خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر پر درود بھیجتے ہیں۔ مومنو تم بھی ان پر درود اور سلام بھیجا کرو۔

**معاشرتی اصلاح کا تیسرا قدم:**

آیت 59 میں معاشرتی اصلاح کا تیسرا قدم اٹھایا گیا ہے۔ اس میں تمام مسلمان عورتوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ جب گھروں سے باہر نکلیں تو چادروں سے اپنے آپ کو ڈھانک کر اور گھونگھٹ ڈال کر نکلیں۔

# اَلدَّرسُ الرَّابِعُ (الف)

## سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ (آیات ۱ تا ۸)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ﴿۱﴾

# سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ (فوجی ٹولیاں)

# اضافی معروضی سوالات

## اَلدَّرسُ الرَّابِعُ (الف)

## سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ (آیات ۱تا۸)

سوال نمبرا: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

1۔ سورۃ الاحزاب کہاں نازل ہوئی؟

(الف) مدینہ میں ✓　　(ب) مکہ میں

(ج) طائف میں　　(د) تبوک میں

2۔ سورۃ الاحزاب میں رکوع ہیں۔

(الف) 8　　(ب) 9

(ج) 10 ✓　　(د) 11

3۔ سورۃ الاحزاب کی کل آیات کی تعداد کیا ہے؟

(الف) 37　　(ب) 63

(ج) 73 ✓　　(د) 75

4۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر سے کہا مجھ سے ڈرتے رہنا اور کہنا نہ ماننا:

(الف) اپنی بیویوں کا (ب) اپنے صحابہ کا

(ج) کافروں اور منافقوں کا ✓ (د) فرشتوں کا

5۔ غصے میں اپنی بیوی کو ماں کی پشت کے مشابہ کہنا، شریعت میں کہلاتا ہے:

(الف) ظہار ✓ (ب) اظہار

(ج) ایلاء (د) خلع

6۔ اللہ تعالیٰ نے لے پالکوں کو بنایا ہے تمھارے:

(الف) دینی بھائی ✓ (ب) سوتیلے بھائی

(ج) حقیقی بیٹے (د) حقیقی بھائی

7۔ حضرت زیدؓ کا ذکر کس سورت میں آیا ہے:

(الف) بقرہ (ب) الاحزاب ✓

(ج) الانفال (د) الفیل

8۔ مومنو! لے پالکوں کو ان کے:

(الف) اصل والد کے نام سے پکارو ✓ (ب) دادا کے نام سے پکارو

(ج) سوتیلے باپ کے نام سے پکارو (د) ماں کے نام سے پکارو

9۔ اللہ تعالیٰ نے غزوۂ احزاب کے موقع پر مسلمانوں کی مدد کی۔

(الف) پرندوں کی فوج سے (ب) فرشتوں کی فوج سے

(ج) جنات سے (د) ہوا اور فرشتوں کے ذریعے ✓

10۔ غزوۂ احزاب میں کس قبیلے نے بدعہدی کی تھی؟

(الف) بنو نضیر (ب) بنو قریظہ ✓

(ج) بنو قینقاع

(د) ان تینوں میں سے کسی تے بھی نہیں

11۔ خدا نے کسی آدمی کے پہلو میں نہیں بنائے:

(الف) تین دل (ب) دو دل ✓

(ج) چار غدود (د) دو ہاتھ

12۔ جنگ احزاب کا دوسرا نام ہے:

(الف) احد (ب) خندق ✓

(ج) تبوک (د) حنین

13۔ اَدْعِیَآءَ سے کیا مراد ہے؟

(الف) دشمن (ب) منہ بولے بیٹے ✓

(ج) حقیقی بیٹے (د) وارث

14۔ متبنیٰ کے بارے میں ہدایات کس سورت میں ہیں:

(الف) انفال (ب) احزاب ✓

(ج) ممتحنہ (د) کوثر

15۔ مَسْطُوْرًا سے کیا مراد ہے؟

(الف) دشمن (ب) لکھے ہوئے ✓

(ج) حقیقی بیٹے (د) وارث

16۔ پیغمبر مومنوں پر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیادہ حق رکھتے ہیں۔

(الف) ان کی اولاد سے (ب) ان کی جانوں سے ✓

(ج) ان کے مال سے (د) ان کے والدین سے

17- اَلاَحْزَابُ سے مراد ہے۔

(الف) غنودگی (ب) آزمائش

(ج) گروہ ✓ (د) دنیا کے فائدے

18- پیغمبر کی بیویاں مومنوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہیں۔

(الف) بہنیں (ب) دادیاں

(ج) مائیں ✓ (د) پھوپھیاں

19- اللہ تعالٰی نے کافروں کے لیے تیار کر رکھی ہے۔

(الف) آگ ✓ (ب) آزادی

(ج) قید (د) سزا

20- اللہ دیکھ رہا ہے جو۔

(الف) تم کر رہے ہو ✓ (ب) تم چاہتے ہو

(ج) تمہیں پسند ہے (د) تم رکھتے ہو

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔

سوال نمبر 1: اَحْزَاب کے لفظی معنی کیا ہیں؟

جواب: اَحْزَاب کا لفظ حِزْبٌ کی جمع ہے جس کے معنی ہیں گروہ یا جماعتیں۔

سوال نمبر 2: غزوۂ احزاب کب پیش آیا؟

جواب: غزوۂ احزاب شوال ۵ ہجری میں پیش آیا۔

سوال نمبر 3: غزوۂ احزاب کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: غزوۂ احزاب کا دوسرا نام غزوۂ خندق ہے۔

سوال نمبر4:     خندق کس کے مشورے پر کھودی گئی؟

جواب: خندق حضرت سلیمان فارسیؓ کے مشورے پر کھودی گئی۔

سوال نمبر5:     خندق مدینے کے کس طرف کھودی گئی؟

جواب: خندق مدینے کے شمال کی طرف کھودی گئی۔

سوال نمبر6:     غزوۂ احزاب کا کیا نتیجہ نکلا؟

جواب: قریش اور اس کے اتحادی قبائل کا دس ہزار کا لشکر تقریباً ایک مہینہ مدینے کا محاصرہ کرنے کے باوجود خندق عبور نہ کر سکا اور ایک شدید سرد طوفانی رات میں مایوسی کی حالت میں مشرکین نے فرار ہونے کو ترجیح دی اور مکہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ 22 ذی القعدہ ۵ ہجری بدھ کے دن تک لشکرِ کفار میں سے کوئی بھی باقی نہ رہا اور شدید مالی و جانی نقصان کے بعد ان کے ہاتھ کچھ نہ آیا۔ حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اجازت دے دی کہ مسلمان محاذ کو چھوڑ کر اپنے گھروں کو چل دیں۔

سوال نمبر7:     سورۃ الاحزاب کے اہم موضوعات کیا ہیں؟

جواب: سورۃ الاحزاب کے اہم موضوعات:

1۔ حضور ﷺ کی عظمت شان اور آپ ﷺ کو کسی بھی قسم کی ایذا پہنچانے کی ممانعت۔

2۔ غزوۂ احزاب پر مکمل تبصرہ۔

3۔ بنو قریظہ کی عہد شکنی اور اس کا انجام۔

4۔ ازواج مطہراتؓ اور ان کی وساطت سے مسلم خواتین کے لیے ستر و حجاب کے احکام۔

5۔ نکاح و طلاق کے مسائل۔

6۔ حضور ﷺ پر درود و سلام اور انسان کے بار امانت اٹھانے کا تذکرہ۔